مدنی منوں اور منیوں کے لیے ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دُعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

اسلامیات

Darul Madinah

دارالمدینہ
دعوت اسلامی

برائے کے جی

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
مجلس دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

پبلشر
دارالمدینہ پبلی کیشنز
پہلی اشاعت ۲۰۱۵
ISBN: 978-969-631-471-4

تیاری و پیش کش
شعبۂ نصاب، دارالمدینہ
ای میل: curriculum@darulmadinah.net

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) ان ممالک میں موجود ہے

پاکستان | بھارت | سری لنکا | برطانیہ | ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "اسلامیات (برائے جی)" مطبوعہ دارالمدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب و رسائل کی جانب سے نظرِ ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
مجلس
تفتیشِ کتب و رسائل
(دعوتِ اسلامی)

تاریخ: ۱۰ دسمبر ۲۰۱۴ — مجلس تفتیشِ کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)

ہمارا ساتھ دیجیے۔

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی و دنیاوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

Dar-ul-Madinah Educational Support Fund

Title of Account	: Darul Madina Educational Support Fund	Branch Code	: 0891
Account No.	: 0112-0891-010-1515-9	Swifi Code	: UNILPKKA
Bank	: UBL Ameen	IBAN Code	: PK97UNIL0112089101015159
Branch	: Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi		

For Sadqaat-e-Nafila

Title of Account	: DAWATEISLAMI	Branch Code	: 0063
Account No.	: 0388841531000263	Swifi Code	: MUCBPKKA
Bank	: MCB Bank Limited	IBAN Code	: PK20MUCB0388841531000263
Branch	: Cloth Market Branch, Karachi		

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔
www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

نام _____

ولدیت _____

کلاس _____ جی۔آر نمبر _____

اسکول کا نام _____

فہرست مضامین

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ
۱	اللہ عَزَّوَجَلَّ	۱
۲	انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام	۲
۳	ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم	۳
۴	نماز کے اذکار	۵
۵	وضو	۶
۶	اذکار	۷
۷	دُعائیں	۸
۸	سنتیں اور آداب	۹
۹	اچھی باتیں	۱۱

رہنمائے معلمات

1. اسلامیات کی اس سیریز کا مقصد مدنی منوں اور منیوں میں بتدریج دینی شعور بیدار کرنا اور عملی زندگی میں نفاذ کو یقینی بنانا ہے۔
2. مدنی منوں اور منیوں کی عمر کے لحاظ سے آسان انداز میں تفہیم فرمائیے۔
3. ہر سبق مقاصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے پڑھائیے۔
4. ہر سبق کے تحت رہنمائے معلمات دیے گئے ہیں ان پر لازمی عمل کی ترکیب بنائیے۔
5. مدنی منوں اور منیوں کو ایمانیات و عبادات کے متعلق ضروری باتیں اچھی طرح ذہن نشین کروائیے۔
6. دُعائیں اور اذکار درست تلفظ کے ساتھ یاد کروائیے۔
7. سنتیں اور آداب پڑھانے کے علاوہ عملی زندگی میں نفاذ کے لیے عملی مشق بھی کرواتے رہیے۔
8. دارالمدینہ میں سُنّتوں بھرا ماحول بنانے کے لیے اسکول کے اوقات کے علاوہ بھی دُعائیں، اذکار اور سلام عام کرنے کا ذہن دیجیے۔
9. مدنی منوں اور منیوں کے ساتھ نرمی سے "آپ" اور "جی" کہہ کر بات کیجیے۔

شعبۂ اسلامیات
دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی)

اللہ عَزَّوَجَلَّ

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ جان سکیں گے کہ :

(۱)۔ ہمارا دین اسلام ہے۔

(۲)۔ ہمارا مالک اور ہمیں روزی دینے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی ہے۔

سوال ہمارا دین کیا ہے؟

جواب ہمارا دین اسلام ہے۔

سوال ہم سب کا مالک کون ہے؟

جواب ہم سب کا مالک اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے۔

سوال ہم سب کو روزی کون دیتا ہے؟

جواب ہم سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ روزی دیتا ہے۔

سوال کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے؟

جواب جی ہاں! اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ مدنی منوں اور مدنی منیوں کو سوال وجواب یاد کروا دیجیے۔

۲ ۔ وقتاً فوقتاً سوالات کے جوابات سُنتے رہیے تاکہ ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ ہمارا رب اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے، ہمارا دین اسلام ہے، ہمارا مالک اور ہمیں روزی دینے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی ہے۔

۳ ۔ سافٹ بورڈ پر "اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے" خوشخط لکھ کر لگائیے۔

انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ جان سکیں گے کہ :

(۱)۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے بہت سارے نبی بھیجے ہیں۔

(۲)۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب نبیوں کے سردار ہیں۔

سوال اللہ عَزَّوَجَلَّ نے دُنیا میں کتنے انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام بھیجے؟

جواب اللہ عَزَّوَجَلَّ نے دُنیا میں بہت سارے انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام بھیجے۔ اصل تعداد اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی جانتا ہے۔

سوال نبیوں عَلَیْہِمُ السَّلَام کے سردار کون ہیں؟

جواب ہمارے پیارے نبی حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب نبیوں کے سردار ہیں۔

سوال قرآن مجید کن پر نازل ہوا؟

جواب قرآن مجید ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل ہوا۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ مدنی منوں اور مدنی منیوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔

۲ ۔ وقتاً فوقتاً سوالات کے جوابات سُنتے رہیے تاکہ ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے بہت سارے نبی بھیجے اور ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب نبیوں کے سردار ہیں۔

۳ ۔ مدنی منوں اور مدنی منیوں کو بتائیے کہ ہمارے نبی حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں۔

Dawateislami

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مقاصد

اس سبق کے ذریعے طلبہ:

(۱)۔ پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے یومِ ولادت اور جشنِ عید میلادُ النبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے متعلق جان سکیں گے۔

(۲)۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مزارِ پُرانوار اور مسجد نبوی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے متعلق جان سکیں گے۔

سوال ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کب پیدا ہوئے؟

جواب ہمارے پیارے نبی حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو پیدا ہوئے۔

سوال بارہ ربیع الاوّل کو مسلمان کون سا دن مناتے ہیں؟

جواب بارہ ربیع الاوّل کو پوری دُنیا کے مسلمان پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یومِ ولادت مناتے ہیں اور اسے عید میلادالنبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی کہا جاتا ہے۔

سوال ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے؟

جواب ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور مسجد نبوی میں ہے۔

سوال مسجد نبوی سب سے پہلے کس نے بنوائی؟

جواب مسجد نبوی سب سے پہلے ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بنوائی۔

مشق

خالی جگہیں پُر کیجیے۔

۱۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ربیع الاوّل کی _____ تاریخ کو پیدا ہوئے۔

۲۔ پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے یومِ ولادت کو _____ بھی کہا جاتا ہے۔

۳۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور _____ میں ہے۔

۴۔ مسجد نبوی سب سے پہلے _____ نے بنوائی۔

رہنمائے معلمات

۱ - مدنی منوں اور منیوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔

۲ - وقتاً فوقتاً سوالات کے جوابات سُنتے رہیے تاکہ ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں۔

۳ - مدنی منوں اور منیوں کو ان کی ذہنی استعداد کے اعتبار سے آسان الفاظ میں جشن عید میلادالنبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم روضۂ انور اور مسجد نبوی کے متعلق مختصراً سمجھا بھی دیجیے۔

۴ - کلاس میں نعت خوانی کا مقابلہ کروایئے اور عملی طور پر میلاد منانے کا طریقہ بتایئے۔

۵ - مدنی منوں اور منیوں سے میلاد منانے والے دن جھنڈے منگوایئے۔

Dar-ul-Madinah

نماز کے اذکار

مقصد اس سبق کے ذریعے طلبہ ثناء، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور دُعائے ماثورہ یاد کرسکیں گے۔

ثناء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

سورۂ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

سورۂ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

دُعائے ماثورہ

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط

رہنمائے معلمات

۱۔ نماز کے اذکار یعنی ثناء، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور دُعائے ماثورہ تلفظ کے ساتھ اچھی طرح یاد کروایئے۔
۲۔ نماز کے اذکار بار بار سنیے۔

وضو

مقصد اس سبق کے ذریعے طلبہ وُضو کا مختصر طریقہ جان سکیں گے۔

وضو کا مختصر طریقہ

رہنمائے معلمات

۱۔ نماز اور قرآن پڑھنے سے پہلے وُضو کرنے کی تاکید کیجیے نیز وُضو کا طریقہ آسان انداز میں سکھاتے ہوئے مذکورہ تمام چیزیں بتاتے ہوئے عملی مشق کروایئے تاکہ طلبہ کو درست وضو کرنا آجائے۔
۲۔ وضو کی عملی مشق وقتاً فوقتاً کرواتے رہیے۔

Darul Madinah